SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
April 12, 2021

ایس ای سی پی نے مرابحہ شئیرز فنانسنگ ریگولیشنز میں ترامیم متعارف کروادیں

(اسلام آباد:12اپریل)سکیورٹیزاینڈایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کیپٹل مارکیٹ میں اسلامک فنانس پر مبنی پراڈکٹ کے فروغ کے لیے مرابحہ شئیر فنانسگ ریگولیشنز میں ترامیم متعارف کروادیں ہیں۔

مرابحہ شئیر فنانسنگ، شرعی اصولوں کے مطابق مالیاتی شعبے میں رائج ایک لیوریج پراڈکٹ ہے جو کہ کیپٹل مارکیٹ میں اسلامی مالیاتی شعبے میں دلچسپی رکھنے والے سرمایہ کاروں کو مواقع فراہم کرتی ہے۔ مرابحہ شئیر فنانسنگ ستمبر 2019 میں معروف شرعی سکالرز کی رہنمائی میں متعارف کروائی گئی تھی۔ مرابحہ کے ریگولیشنز میں متعارف کروائی گی ترامیم کے ذریعہ مرابحہ کے سیل ٹرانسیکشن کے وقت تصدیق اور جانچ کے عمل متعارف کروایا گیا ہے جس کے ذریعے اسلامی مالیاتی ادارے اور سرمایہ کاروں کو مرابحہ کی سیل ٹرانسیکشن کرنے میں آسانی فراہم ہو گی۔ علاوہ ازیں، مرابحہ شئیر فنانس اور سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے اور کولیٹرل اور کیش کے عوض شئیر جاری کرنے کے لیے 'کولیٹرل مینجمنٹ' کے انتخاب کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔

ایس ای سی پی نے کیپٹل مارکیٹ میں شرعی کمپلائینٹ لیوریج کی سہولت بارے آگہی فراہم کرنے کے لئے بینکوں، بروکرز اور سرمایہ کاروں کے ساتھ متعدد آگاہی سیمینار منعقد کئے۔ امید ہے اس سہولت سے کیپٹل مارکیٹ میں مرابحہ کی پراڈکٹ کی خرید وفروخت اور لیکوڈٹی کو فروغ ملے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005